Shabbir / Fazil

08-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلّی میں Yashobhoomi کے مقام پر 10 ویں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کرنے والے ہیں۔

2- GST کونسل کی 57 ویں میٹنگ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگی۔

3- سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا گوا میں انتقال ہو گیا ہے۔

4- بھارت نے امریکہ اور 13 دیگر ملکوں کے ساتھ مل کر مینوفیکچرنگ کے کلیدی شعبوں میں عالمی سطح پر اضافی صلاحیت اور پیداوار کے معاملے سے نمٹنے کیلئے مشترکہ وزارتی بیان پر دستخط کیے ہیں۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے آج کیرالہ، تمل ناڈو، پدوچیری، اتراکھنڈ، مغربی بنگال اور سکّم میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور ٹیبل ٹینس میں، مانُش شاہ اور دِیا چِتالے کی بھارت کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی تاریخ ساز کارنامہ انجام دیتے ہوئے پہلی بار چائنا Grand Smash کے سیمی فائنل پہنچ گئی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM India Mobile Congress

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے Yashobhoomi میں 10ویں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کریں گے۔ یہ انڈیا موبائل کانگریس کل شروع ہوئی ہے اور اس مہینے کی 10 تاریخ تک جاری رہے گی۔
اس میں ٹیلی مواصلات، ڈیجیٹل کنیکٹی وِٹی اور تکنیکی اختراع کے شعبوں میں بھارت کی شاندار پیشرفت کی عکاسی کی جائے گی اور ساتھ ہی اشتراک، سرمایہ کاری اور ایک دوسرے کو معلومات فراہم کرنے کا ایک عالمی پلیٹ فارم بھی دستیاب ہوگا۔
ڈیجیٹل اختراع، نئے سلسلے کی کنیکٹی وِٹی اور تکنیک پر مبنی ترقی کے شعبوں میں بھارت کی بڑھتی ہوئی صلاحیت کی عکاسی کرتے ہوئے 2026 کی انڈیا موبائل کانگریس کا خاص موضوع ہے: ''سرحدوں کے بغیر ترقی''۔

اس 4 روزہ تقریب کا اہتمام ٹیلی مواصلات کے محکمے اور بھارت کی Cellular آپریٹرس ایسوسی ایشن نے مشترکہ طور پر کیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اس میں اختراع اور نئے سلسلے کے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے، تکنیک پر مبنی معاشی ترقی، جامع ڈیجیٹل رسائی نیز محفوظ اور مضبوط ڈیجیٹل ایکو نظام کے فروغ پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dipendra Kumar

انڈیا موبائل کانگریس 2026 کے تحت ڈیجیٹل ایکو نظام میں اُبھرتے ہوئے موقعے تلاش کرنے کیلئے ٹکنالوجی کے عالمی رہنما، پالیسی ساز اہلکار، صنعتی ماہرین، اِسٹارٹ اَپس، سرمایہ کار اور اختراع کار یکجا ہوئے ہیں۔
اس سال کی انڈیا موبائل کانگریس میں 5G اور 6G، نئے سلسلے کے AI نیٹ ورک، سیمی کنڈکٹرس، سائبر سکیورٹی، Quantum مواصلات، انٹرپرائز تبدیلی، سرکولر معیشت اور ESG نیز الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ سمیت 9 اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 4 نئے شعبوں، اسمارٹ موبلٹی، صنعتی Robotics اور ٹرانسپورٹ تکنیک پر بھی خاص زور دیا جائے گا۔ اس میں 100 سے زیادہ ملکوں کے ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ مندوبین، 500 سے زیادہ ساجھیدار کمپنیاں اور نمائش کار، 600 اِسٹارٹ اَپ ادارے اور 900 ماہرین حصہ لے رہے ہیں۔
دلّی سے دیپندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

GST Council Meeting

GST کونسل کی 57 ویں میٹنگ آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں ہوگی۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی صدارت میں اس میٹنگ میں GST تنازعات کو حل کرنے اور GST کے نفاذ کے تعلق سے وقت اور لاگت کو کم کرنے کے مقصد سے Input Tax Credit کی آمد کو بہتر بنانے کی خاطر پالیسی اصلاحات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ وزارتِ خزانہ کے ذرائع کے مطابق سرکار GST نظام میں نئے سلسلے کی اصلاحات کیلئے 5 پہلوؤں پر مبنی منصوبہ تجویز کرے گی۔ مذکورہ اصلاحات کا مقصد GST نظام میں موجودہ انتظامی رکاوٹوں کو دور کرنا اور خاص طور پر چھوٹے کاروباری افراد کیلئے عمل درآمد کے بوجھ کو کم کرنا ہے۔x

Kochi Water Metro

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ کیرالہ میں کوچی واٹر میٹرو خدمات کے ذریعے اُن کے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

V/C Capsul Smithy M Palluruthy

کوچی کا سمندر ہمیشہ سے اِس شہر کی پہچان رہا ہے۔ آج کوچی واٹر میٹرو میں سوار ہوکر نئے دور کے مسافر انہی آبی راستوں سے گزرتے ہیں۔ کوچی واٹر میٹرو کا افتتاح 25 اپریل 2023 کو وزیراعظم نریندر مودی نے کیا تھا۔ اُس کے اگلے دن اِس کی مسافر خدمات شروع ہوگئی تھیں۔

یہ میٹرو جدید ترین الیکٹرک ہائی برڈ کشتیوں کے ذریعے کوچی کے جزیروں کو اصل شہر سے جوڑتی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کوچی میں گاڑیوں کے ٹریفک کو کم کرنے میں اِس واٹر میٹرو کی اہمیت کا ذکر کیا۔

S/B PM

کوچی سے تعلق رکھنے والے ایک قلم کار TN وینو گوپال نے بتایا کہ اِس واٹر میٹرو کے ذریعے شہر کے آبی ٹرانسپورٹ میں یکسر تبدیلی آئی ہے۔

کوچی بھارت کا ایسا پہلا شہر ہے جہاں واٹر میٹرو پروجیکٹ نافذ کیا گیا ہے۔ کوچی کیلئے واٹر میٹرو بنیادی ڈھانچے سے زیادہ قدر و قیمت کا حامل ہے۔ یہ شہر کے قدرتی آبی گزرگاہوں کے بہتر استعمال کے ساتھ سڑکوں پر جاری آمدورفت کا ایک بہترین متبادل بھی فراہم کرتا ہے۔

ترو ونت پورم سے اسمتھی ایم پلوروتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Nana Patekar Dies

سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا آج صبح گوا میں اُن کی رہائش گاہ پر دل کا شدید دورہ پڑنے کے بعد انتقال ہو گیا۔ وہ 75 سال کے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ نانا پاٹیکر اپنے گھر میں بیہوش پائے گئے اور اُنہیں فوراً نزدیک کے اسپتال لے جایا گیا۔

ابتدائی تجزیے کے مطابق ڈاکٹروں نے تقریباً 45 منٹ تک اُنہیں ہوش میں لانے کی کوشش کی، لیکن اُن پر علاج کا اثر نہیں ہوا۔ نانا پاٹیکر ہندی اور مراٹھی سنیما میں اپنی شاندار اداکاری کیلئے جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے کئی دہائیوں تک سنیما میں کام کیا۔ نانا پاٹیکر کو پرندا، کرانتی ویر، اب تک 56، اور ویلکم جیسی فلموں کیلئے کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔×

Air Force Day

آج بھارتی فضائیہ کا 94 واں دن منایا جا رہا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے: بھارتی فضائیہ Infallible، Impervious اور Precise -

فضائیہ کے دن کے موقعے پر آکاشوانی کے ذریعے اپنے پیغام میں فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل Amar Preet Singh نے بتایا کہ بھارتی فضائیہ چوکسی اور پختہ عزم کے ساتھ ملک کی حفاظت کی خاطر ہمیشہ تیار رہتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ برس آپریشن سندور نے مربوط فضائی کارروائیوں کی اہم طاقت کو دوبارہ ثابت کیا اور ملک کے اقتدارِ اعلیٰ کے دفاع کی صلاحیت اور اہلیت کا مظاہرہ کیا۔

انھوں نے بتایا کہ اِس سال Vayushakti مشق، مختلف دو طرفہ مشقوں، Dronathon اور کثیر ملکی فضائی مشق Tarang شکتی کے ذریعے بھارتی فضائیہ اپنی جنگی تیاریوں کو سرگرمی کے ساتھ آزما رہی ہے اور اپنے عملی منصوبوں میں جدید ترین ٹیکنالوجیز بروئے کار لا رہی ہے۔x

Seva Sankalp Bike Yatra

گجرات میں وڈنگر سے اترپردیش میں کاشی تک، جو سیوا سنکلپ بائک یاترا 17 ستمبر کو وزیر اعظم نریندر مودی کی سالگرہ کے موقعے پر شروع ہوئی تھی، وہ کل کامیابی کے ساتھ ختم ہو گئی۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے BJP کے قومی صدر نتن نبین کی موجودگی میں اِس یاترا کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس بات کو اُجاگر کیا کہ گزشتہ 12 سال میں کاشی اور پچھلے 10 سال میں اترپردیش کس طرح بدل گیا ہے۔

وڈنگر سے کاشی آنے والے بائکرس اور مہمانوں سے خطاب کرتے ہوئے یوگی آدتیہ ناتھ نے عوامی خدمت میں 25 سال کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر ریاست کے عوام کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی کو مبارکباد دی۔x

India USTR G20

بھارت نے امریکہ اور 13 دیگر ملکوں کے ساتھ مل کر مینوفیکچرنگ کے کلیدی شعبوں میں عالمی سطح پر اضافی صلاحیت اور پیداوار کے معاملے نیز عالمی مارکیٹس پر اثرانداز ہونے والی غیر مارکیٹ پالیسیوں کی روک تھام کی خاطر اقدامات کیلئے مشترکہ وزارتی بیان پر دستخط کیے ہیں۔

30 ستمبر اور یکم اکتوبر کو Wisconsin میں G20 کے تجارت کے وزیروں کے تبادلۂ خیال کے تناظر میں 15 ملکوں نے اس مشترکہ وزارتی بیان پر دستخط کیے اور اسے امریکہ کے تجارتی نمائندے کے دفتر نے کل رات جاری کیا۔

اس پر دستخط کرنے والوں میں ارجنٹینا، آسٹریلیا، کینیڈا، یوروپی یونین، فرانس، جرمنی، بھارت، اٹلی، جاپان، جمہوریۂ کوریا، میکسیکو، پولینڈ، ترکیہ، برطانیہ اور امریکہ شامل ہیں۔x

Festival Special Trains

تہوار کے دنوں میں مسافروں کی کثیر تعداد کے مدِنظر شمالی ریلوے نئی دلّی اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ کے درمیان ریزرو خصوصی ٹرینوں کے دو Trips چلائے گا۔

ٹرین نمبر صفر چار، صفر آٹھ تین، نئی دلّی - کٹرہ 9 اور 16 اکتوبر کو نئی دلّی سے دوپہر دو بجے روانہ ہوگی اور رات دیر گئے تین بجے کٹرہ پہنچ جائے گی۔ واپسی کی ٹرین 10 اور 17 اکتوبر کو کٹرہ سے صبح 10 بجے روانہ ہوگی اور اُسی دن رات ساڑھے گیارہ بجے نئی دلّی پہنچے گی۔x

Russia Ukraine Strike

کَل یوکرین پر ایک بڑے روسی حملے میں 25 افراد ہلاک جبکہ 100 دیگر افراد زخمی ہوگئے۔ روس نے کیف پر 70 میزائل اور درجنوں ڈرون حملے کیے۔ سب سے زیادہ نقصان شمالی Chernihiv خطّے میں Pryluky میں ہوا، جہاں ایک پانچ منزلہ عمارت پر ہوئے میزائل حملے میں 19 افراد ہلاک ہوگئے۔ کچھ دیگر علاقوں میں بھی شہریوں کی موت ہوگئی اور کافی نقصان ہوا۔

یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے اِس کی مذمت کی اور اِسے منصوبہ بند طریقے سے کیا گیا تشدد قرار دیا۔x

Saudi Houthi Conflict

سعودی عرب کے دو ہوائی اڈوں پر ایران کے حمایت یافتہ مسلّح حوثیوں کے حملوں میں تین لوگوں کی موت ہوگئی، جبکہ 30 سے زیادہ لوگ زخمی ہوگئے، جس کے بعد مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہو گیا ہے۔ کَل سعودی حکام نے بتایا کہ Abhaہوائی اڈے پر ہوئے ہوائی حملے میں مراقش اور الجیریا کے شہری ہلاک ہوگئے اور 28 افراد زخمی ہوئے، جبکہ کنگ خالد ہوائی اڈے پر ہوئے حملے میں ایک سوڈانی شہری ہلاک ہوا اور آٹھ دیگر افراد زخمی ہوگئے۔

سعودی عرب کے زیرِ قیادت اتحاد کا کہنا ہے کہ اُس نے ریاض کے شمال میں ایک بیلسٹک میزائل کو فضا میں تباہ کردیا اور یمن کی راجدھانی صنعاء میں ایک لانچ پلیٹ فارم کو بھی تباہ کیا، جہاں سے سعودی عرب کی راجدھانی کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

اُدھر حوثیوں نے دعویٰ کیا کہ انھوں نے Dhubab، الجدید اور Bab el-Mandeb کے علاقوں سمیت یمن کے جنوب مغربی ساحل سے متصل اہم علاقوں کا کنٹرول دوبارہ حاصل کر لیا ہے۔

یمن کے ایک سرکاری عہدیدار نے اِن دعووں کی تردید کی ہے۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری، اتراکھنڈ، مغربی بنگال اور سکّم میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

اِدھر چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، اُڈیشہ اور پنجاب میں اگلے دو-تین دن کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق آندھرا پردیش، بہار، جموں کشمیر اور جھارکھنڈ میں بھی آج تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔×

Table Tennis China Smash

ٹیبل ٹینس میں، مانُش شاہ اور دِیا چِتالے کی بھارت کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی چائنا Grand Smash کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ وہ یہ کارنامہ انجام دینے والی بھارت کی پہلی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی ہے۔ پانچویں نمبر کی بھارتی جوڑی نے پچکِنگ میں رومانیہ کی جوڑی کو 9-11، 11-13 اور 3-11 سے ہرایا۔

البتہ Manav Thakkar فرانس کے ساتویں نمبر کے کھلاڑی Alexis Lebrun سے ہارنے کے بعد مردوں کے سنگلز سے باہر ہو گئے ہیں۔

اِدھر خواتین کے ڈبلز زمرے میں دِیا چِتالے اور یشسوِنی گھورپڑے پری کوارٹر فائنل میں چین کی جوڑی سے تین-دو سے ہار گئیں۔×

Cricket ICC Ranking

بھارت کے ٹی-ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان Shreyas Iyer آئی سی سی کی تازہ درجہ بندی میں ساتویں مقام پر آگئے ہیں، جو اُن کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ اِدھر ایک روزہ میچوں کی درجہ بندی میں کپتان شُبھ من گِل بدستور اوّل مقام پر ہیں۔×

ASIAD Para Flagbearer

Paralympic چیمپئنس پرمود بھگت اور Bhavina Patel ایشیائی پیرا گیمز کی افتتاحی تقریب میں پرچم بردار کے طور پر بھارتی دستے کی قیادت کریں گے۔ یہ ایشیائی پیرا گیمز جاپان کے Aichi-Nagoya میں اس مہینے کی 18 تاریخ سے 24 تاریخ تک ہوں گے۔

پیرا بیڈمنٹن کے سرکردہ کھلاڑی پرمود بھگت نے 2014 اور 2023 کے درمیان ایشیائی پیرا گیمز میں 6 تمغے جیتے۔ اِن میں سونے کے 2 اور کانسے کے 4 تمغے شامل ہیں۔ دوسری طرف پیرا ٹیبل ٹینس کھلاڑی Bhavina Patel نے 2018 اور 2023 کے درمیان ایشیائی پیرا گیمز میں چاندی اور کانسے کے ایک-ایک تمغے سمیت دو تمغے حاصل کیے تھے۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج بیشتر اردو اخبارات نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے ایک سربراہ حکومت کے طور پر 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر مختلف رہنماؤں کی طرف سے مبارکباد کی خبروں کو اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

وزیرِاعظم مودی آج یشوبھومی میں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کریں گے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

اسی اخبار نے تجارت و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کی نیویارک میں امریکہ کی بڑی کمپنیوں کے کئی اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگوں سے متعلق خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

بھارت نے اقوام متحدہ کے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق کنونشن کے 31ویں اجلاس میں پیرس معاہدے میں موجود خامیوں کو دور کرنے، موسمیاتی وعدے پورے کرنے اور ان پر عمل درآمد میں تیزی لانے پر زور دیا۔ اسی خبر کو کچھ اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات نے بحیرۂ اسود میں تجارتی بحری جہازوں پر حملے کی بھارت کی طرف سے مذمت کیے جانے کی خبروں کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

- فرانس میں اسکولوں کے خراب حالات پر لاکھوں افراد کا احتجاج۔
- سعودی ہوائی اڈوں اور فوجی اڈوں پر حوثیوں کے ڈرون اور میزائل حملے۔
- ریپبلکن کی کامیابی ہی امریکہ کو دیوالیہ ہونے سے بچا سکتی ہے: ٹرمپ کا بیان
- کیمسٹری کا نوبیل انعام ہنری کا گن اور کینسو سو آئی کو دیا گیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلّی میں Yashobhoomi کے مقام پر 10 ویں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کرنے والے ہیں۔

2- GST کونسل کی 57 ویں میٹنگ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگی۔

3- سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا گوا میں انتقال ہوگیا ہے۔

4- بھارت نے امریکہ اور 13 دیگر ملکوں کے ساتھ مل کر مینوفیکچرنگ کے کلیدی شعبوں میں عالمی سطح پر اضافی صلاحیت اور پیداوار کے معاملے سے نمٹنے کیلئے مشترکہ وزارتی بیان پر دستخط کیے ہیں۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے آج کیرالہ، تمل ناڈو، پدوچیری، اتراکھنڈ، مغربی بنگال اور سکّم میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور ٹیبل ٹینس میں، مانُش شاہ اور دِیا چِتالے کی بھارت کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی تاریخ ساز کارنامہ انجام دیتے ہوئے پہلی بار چائنا Grand Smash کے سیمی فائنل پہنچ گئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔